www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 10 | منگل 15 اپریل 2025ء بمطابق 16 شوال 1446ھ | شمارہ 261 | قیمت 10 روپے

# اسرائیلی بمباری سے غزہ میں 6 سگے بھائیوں سمیت مزید 37 فلسطینی شہید

دیرالبلح میں خوراک تقسیم کرنے والے 6 سگے بھائیوں کو اسرائیلی فضائی حملے میں نشانہ بنایا گیا، شہدا کی عمریں 10 سے 34 سال کے درمیان تھیں

اب تک مجموعی طور پر 50 ہزار 944 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، مریض اور عملہ عمارت چھوڑ کر قریبی گلیوں میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے

سعودی عرب نے اسپتال پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے بین الاقوامی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی قرار دے دیا

غزہ (ویب ڈیسک) غزہ میں اسرائیلی کی دہشتگرد بمباری کا سلسلہ جاری ہے۔ تازہ حملوں میں 6 سگے بھائیوں سمیت کم از کم 37 فلسطینی شہید ہو گئے۔ جبکہ اسپتالوں، بچوں اور امدادی کارکنوں کو بھی نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق افواد کو غزہ کے علاقے دیرالبلح میں خوراک تقسیم کرنے والے 6 سگے بھائیوں کو اسرائیلی فضائی حملے میں نشانہ بنایا گیا۔ شہدا کی عمریں 10 سے 34 سال کے درمیان تھیں۔ شہدا کے والد زکی ابوعیدہ نے بتایا کہ ان کے بیٹے جنگ کے آغاز سے ہی غریبوں کی مدد کر رہے تھے اور ان کے پاس کوئی ہتھیار نہیں تھا۔ عالمی ادارہ صحت (WHO) نے بھی تصدیق کی کہ ایک فلسطینی ہیلتھ ایمرجنسی امدادی ٹیم کے 9 ارکان شہید ہوئے، اقوام کو ہونے والے اسرائیلی فضائی حملوں میں کم از کم 37 افراد شہید ہوئے۔ غزہ کی وزارت صحت ..... بقیہ صفحہ 9 نمبر 30

# قومی اسمبلی میں فلسطینیوں کی حمایت، اسرائیل کیخلاف قرارداد منظور

فلسطین میں ظلم کی نئی تاریخ رقم کی گئی ہے، بے گناہ فلسطینی صیہونی ظلم کا شکار ہوئے، 65 ہزار سے زائد لوگ شہید ہوئے اور ایک لاکھ سے زائد لوگ شدید زخمی ہوئے، اس جنگ میں نہ بچے نہ عورتیں اور نہ بزرگ محفوظ ہیں، اعظم نذیر تارڑ

قائد اعظم اسرائیل پر پالیسی دے چکے اور حکومت اسی پالیسی پر عمل پیرا ہے، آج بھی سمجھتے ہیں کہ دنیا بھر میں جہاں لوگ اپنے حق خودارادیت کی جدوجہد میں مصروف ہیں انکی آواز آپ ڈائیلاگ سے تو روک سکتے ہیں، وزیر قانون

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی اسمبلی میں فلسطینیوں کی حمایت اور اسرائیل کے خلاف قرارداد منظور کرلی گئی۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین پر متفقہ قرارداد دونوں کی قرارداد کے مطابق یہ ایوان ایک بار پھر اسرائیلی مظالم کی مذمت کرتا ہے، ایوان 60 روز فلسطینی شہدا کو سلام پیش کرتا ہے، قرارداد کے مطابق ایوان اسرائیلی جنگی بندی کے باوجود بمباری کی شدید مذمت کرتا ہے، یہ ایوان اسرائیلی جارحیت کو عالمی برادری کی ناکامی تصور کرتا ہے، متن کے مطابق یہ ایوان اسرائیلی افواج کے فوری انخلا کا مطالبہ کرتا ہے، قومی اسمبلی متفقہ طور پر فلسطینیوں کی حمایت جبکہ اسرائیل کے خلاف قرارداد منظور کرلی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ فلسطین کے قائد اعظم اسرائیل پر پالیسی دے چکے اور حکومت اسی پالیسی پر عمل پیرا ہے، قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر 65 ہزار سے زائد لوگ شہید ہوئے اور ایک لاکھ سے زائد لوگ شدید زخمی ہوئے، اس جنگ میں نہ بچے نہ عورتیں اور نہ بزرگ محفوظ ہیں، وزیر قانون نے کہا کہ فلسطین کی تاریخ رقم کی گئی ہے، بے گناہ فلسطینی شہید ہوئے اور ایک لاکھ سے زائد لوگ شدید زخمی ہوئے، اس جنگ میں نہ بچے نہ عورتیں اور نہ بزرگ محفوظ ہیں، وزیر اعظم نے تمام فورمز پر اسرائیلی مظالم کی مذمت کی، فلسطینی عوام کو قوام عالمی کا سلام پیش کرتا ہوں ..... بقیہ صفحہ 37

## دہشتگردی کے خلاف کثیر الجہتی بین الاقوامی حکمت عملی تیار کی جائے

محسن نقوی

محسن نقوی سے برطانوی رکن پارلیمنٹ محمد افضل کی ملاقات پاک برطانیہ تعلقات کے فروغ اور برطانیہ میں پاکستانی کمیونٹی کے مسائل حل پر گفتگو ہوئی

دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے برطانیہ کے تعاون اور دہشت گردی کی حالیہ لہر، اسکے سدباب کیلئے کئے گئے اقدامات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا

برطانیہ میں پاکستانیوں کی بہت بڑی تعداد آباد ہے، پاکستانی کمیونٹی پاکستان کے ساتھ برطانوی معیشت کی مضبوطی کیلئے کلیدی کردار ادا کررہی ہے

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک برطانیہ تعلقات کو مضبوط کرنے کے لئے موثر کردار پر برطانوی رکن پارلیمنٹ افضل خان کی کاوشوں کو سراہا

لاہور (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے برطانوی رکن پارلیمنٹ محمد افضل خان نے ملاقات کی، جس میں پاک برطانیہ تعلقات کے فروغ اور برطانیہ میں پاکستانی کمیونٹی کے مسائل کے حل پر گفتگو ہوئی، دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے برطانیہ کے تعاون اور دہشت گردی کی حالیہ لہر اور اسکے سدباب کیلئے کئے گئے اقدامات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک برطانیہ تعلقات کو مضبوط کرنے کے لئے موثر کردار پر برطانوی رکن پارلیمنٹ افضل خان کی کاوشوں کو سراہا، انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف کثیر الجہتی بین الاقوامی حکمت عملی تیار کی جائے اور دہشت گردی کی حالیہ لہر اور اسکے سدباب کیلئے کئے گئے اقدامات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک برطانیہ تعلقات کو ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

## سکھ برادری وطن عزیز کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کررہی ہے، صدر مملکت

پاکستان کا آئین اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور تحفظ فراہم کرتا ہے

میساکھی پاکستان کی خوبصورتی اس کی ثقافتی اور مذہبی تنوع کی علامت ہے، پیغام

اسلام آباد (اے پی پی) صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سکھ برادری وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی میں نمایاں کردار ادا کررہی ہے، پاکستان کا آئین اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور تحفظ فراہم کرتا ہے۔ میساکھی ہمارے کلچر کی علامت ہے، یہ ایوان صدر کے پریس ریلیز کے مطابق صدر مملکت نے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## بیرون ملک پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

سمندر پار پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں انکی بھرپور زیر آمد سے بھی زیادہ ہیں

اگر ہم اکسپورٹرز کو ریلیف دے سکتے ہیں تو انہیں بھی ریلیف دینا چاہیے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے پی پی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ بیرون ملک پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کو درپیش تمام مسائل کے حل کیلئے وزارت خارجہ، وزارت خزانہ، سمندر پار پاکستانیوں کی وزارت، سٹیٹ بینک اور چاروں صوبوں کے نمائندوں پر مشتمل ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق تقریب سے خطاب کررہے ہیں

## پی ٹی آئی وکلا، قیادت پارٹی پر قبضہ کرنا چاہتی ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے پی ٹی آئی کے وکلا اور موجودہ قیادت پر سنگین الزامات لگا دیے اور کہا یہ پارٹی پر قبضہ کرنا چاہتے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

## امریکی وفد سے ملاقات کیلئے نہ تو رابطہ ہوا نہ کارڈ آیا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ امریکی وفد سے ملاقات سے متعلق آج انٹیکرآفس سے پوچھوں گا۔ اسلام آباد میں گفتگو کرتے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سعود رفیق، مفتاح اسمٰعیل خان سے ملاقات کررہے ہیں

## گورنر اسٹیٹ بینک نے آئندہ ماہ سے مہنگائی بڑھنے کا عندیہ دیدیا

مہنگائی پچھلے ماہ 7.0 فیصد تھی، حکومت معاشی استحکام کیلئے کوشاں ہے، ترسیلات زر میں اضافہ ہورہا ہے، 26 ارب ڈالر کی بیرونی ادائیگیاں ہیں

16 ارب ڈالر رول اوور و یاری فنانس ہونگے، انٹربینک اور اوپن مارکیٹ کا فرق بھی کم ہو چکا، کرنٹ اکاؤنٹ کو سرپلس رکھنے میں کامیاب ہیں

مہنگائی تیزی سے بڑھ رہی تھی، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 17 اعشاریہ 5 ارب ڈالر تک بڑھ گیا تھا، زرمبادلہ ذخائر 14 ارب ڈالر سے تجاوز کر جائینگے

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سٹیٹ بینک نے اعتراف کیا کہ گزشتہ ماہ سے مہنگائی بڑھ رہی ہے، گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی پچھلے ماہ 0.7 فیصد تھی، حکومت معاشی استحکام کیلئے کوشاں ہے، ترسیلات زر میں اضافہ ہورہا ہے، 26 ارب ڈالر کی بیرونی ادائیگیاں ہیں، 16 ارب ڈالر رول اوور و یاری فنانس ہونگے، انٹربینک اور اوپن مارکیٹ کا فرق بھی کم ہو چکا، کرنٹ اکاؤنٹ کو سرپلس رکھنے میں کامیاب ہیں، مہنگائی تیزی سے بڑھ رہی تھی، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 17 اعشاریہ 5 ارب ڈالر تک بڑھ گیا تھا، زرمبادلہ ذخائر 14 ارب ڈالر سے تجاوز کر جائینگے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

## ترسیلات زر نے سابق تمام ریکارڈ توڑ ڈالے، ایک ماہ میں 4 ارب ڈالر موصول

ملکی ترسیلات زر ایک ماہ میں 37.3 فیصد اور ایک سال میں 29.8 فیصد بڑھی ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان کی ترسیلات زر نے سابق تمام ریکارڈ توڑ ڈالے، ملکی تاریخ میں پہلی بار دو ارب ماہی سالی کے 9 ماہ میں 29.8 فیصد بڑھی ہیں۔ سٹیٹ بینک نے مزید بتایا کہ پاکستان کو سب سے زیادہ ترسیلات سعودی عرب سے 98 کروڑ 73 ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

پہلی بار 4 ارب 10 کروڑ ڈالر کی سطح کو چھوگئی، ملکی ترسیلات زر ایک ماہ میں 37.3 فیصد اور ایک سال میں 29.8 فیصد بڑھی ہیں۔ سٹیٹ بینک نے مزید بتایا کہ پاکستان کو سب سے زیادہ ترسیلات سعودی عرب سے 98 کروڑ 73 ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

کراچی: وفاقی وزیر منصوبہ بندی ورتی احسن اقبال، کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اراکین کے ہمراہ خطاب کررہے ہیں

## پاکستان کا سبز پاسپورٹ فلسطین کاز کا علمبردار ہے

عطاء تارڑ

ہمارے پاسپورٹ پر واضح درج ہے کہ یہ پاسپورٹ اسرائیل کے لئے کارآمد نہیں، فلسطینی امت مسلمہ کا مشترکہ کاز ہے، پاکستان ہر عالمی فورم پر فلسطینی عوام کے حق میں آواز بلند کرتا رہے گا

فلسطین کاز ہمارے لئے بقا کا مقدمہ ہے، مقدس سرزمین کے ساتھ ہمارا رشتہ روحانی، دینی اور نظریاتی ہے اور کوئی بھی پاکستانی یا مسلمان اس کاز سے لاتعلق نہیں رہ سکتا، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کا سبز پاسپورٹ پر واضح درج ہے کہ یہ پاسپورٹ اسرائیل کے لئے کارآمد نہیں، فلسطینی امت مسلمہ کا مشترکہ کاز ہے، پاکستان ہر عالمی فورم پر فلسطینی عوام کے حق میں آواز بلند کرتا رہے گا۔ یہ کے روزقومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فلسطین میں قتل کی تاریخ رقم کی گئی ہے، بے گناہ فلسطینی صیہونی ظلم کا شکار ہوئے، 65 ہزار سے زائد لوگ شہید ہوئے اور ایک لاکھ سے زائد لوگ شدید زخمی ہوئے، اس جنگ میں نہ بچے نہ عورتیں اور نہ بزرگ محفوظ ہیں، انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اس سلسلے میں کئی فورمز پر اسرائیلی مظالم کی مذمت کی اور ان کے خلاف آواز اٹھائی، فلسطینی عوام کو قوام عالم کا سلام پیش کرتا ہوں، انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اس سلسلے میں کئی فورمز پر اسرائیلی مظالم کی مذمت کی اور ان کے خلاف آواز اٹھائی، فلسطینی عوام کو قوام عالم کا سلام پیش کرتا ہوں، انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اس سلسلے میں کئی فورمز پر اسرائیلی مظالم کی مذمت کی اور ان کے خلاف آواز اٹھائی، فلسطینی عوام کو قوام عالم کا سلام پیش کرتا ہوں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

## کراچی معاشی حب، حکومت سندھ انفراسٹرکچر پر توجہ دے

احسن اقبال

کراچی اڑان پاکستان گرین رن وے کی حیثیت رکھتا ہے، حکومت کے فور پر 125 ارب روپے خرچ کررہی ہے، سندھ حکومت سے کہا ہے کہ اس پر اپنے حصے کا کام کرے

کارپوریٹ سیکٹر کے پاس بہترین انتظامی صلاحیت ہیں، اڑان پروگرام کے اہداف کے حصول میں کارپوریٹ سیکٹر سے استفادہ کیا جاسکتا ہے، وزیر منصوبہ بندی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ورتی احسن اقبال نے کہا ہے کہ کراچی پاکستان کا معاشی مالیاتی حب ہے، صوبائی حکومت کراچی کے انفرااسٹرکچر پر توجہ دے اور کے فور منصوبے پر کام کرے۔ پاکستان بزنس کونسل کے اراکین سے ملاقات کے بعد میڈیا بریفنگ میں ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم کے اڑان پاکستان پروگرام پر عمل درآمد پر بات کی، پاکستان کی ترقی میں کارپوریٹ سیکٹر کا کردار اہمیت ہے، عوامی فلاح کے اہداف کے حصول میں کارپوریٹ سیکٹر کی صلاحیت کو بھی شامل کرنا ہے، اڑان پروگرام کے اہداف کے حصول میں کارپوریٹ سیکٹر کی صلاحیتوں سے استفادہ کیا جاسکتا ہے، حکومت نے نوجوانوں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

## لاہور ہائی کورٹ 8 مقدمات میں ضمانت منظور کرکے رہائی کا حکم دے، بانی پی ٹی آئی 9 مئی کو ہونے کی تحویل میں تھا، سیاسی انتقام کے لیے مقدمات میں نامزد کیا گیا، عمران خان

لاہور (ویب ڈیسک) لاہور ہائی کورٹ میں جناح ہاؤس حملہ کیس سمیت 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواست میں بانی پی ٹی آئی عمران خان نے مقف اپنایا ہے کہ 9 مئی 2023ء والے دن اسلام آباد میں ہیپ کی تحویل میں تھا، سیاسی انتقام کے لیے سازش کا الزام کا کئی مقدمات میں نامزد کیا گیا ہے۔ لاہور ہائی کورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی ضمانت کی درخواست سمیت 9 مئی کے 8 مقدمات میں جناح ہاؤس حملہ کیس سمیت نومئی کے 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواست پر ساعت ہوئی، جسٹس سید شاہدبلال رضوی اور جسٹس ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

## قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کو کام سے روکنے کی استدعا مسترد

سپریم کورٹ آئینی بنچ میں اسلام آباد ہائیکورٹ میں جج ٹرانسفر کیخلاف کیس کی سماعت ہوئی

ٹرانسفر ہونے والے تین جج، متعلقہ ہائیکورٹس کے رجسٹرار اور اٹارنی جنرل کو بھی نوٹس جاری کیا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ نے نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کو کیس کی سماعت ہوئی۔ سپریم کورٹ نے بانی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

آئینی بنچ میں اسلام آباد ہائیکورٹ میں جج ٹرانسفر کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، سپریم کورٹ نے قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کو نوٹس جاری کیا گیا، عدالت ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

## سپریم کورٹ بار کے صدر کی آئی ایم ایف حکام سے ملاقات

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ بار کے صدر میاں روف عطا کی وفد کے ہمراہ آئی ایم ایف حکام سے ملاقات ہوئی، ملاقات میں پاکستان اور سندھ کی ہائیکورٹ بار کے صدور بھی موجود تھے۔ اطلاعیہ کے مطابق ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

## عمران خان کی 9 مئی کے 21 کیسز میں ضمانت منظور ہو چکی، سلمان صفدر

لاہور (ویب ڈیسک) بانی پی ٹی آئی کے وکیل سلمان صفدر ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ عمران خان کی 9 مئی کے 21 کیسز میں ضمانت منظور ہو چکی ہے۔ لاہور میں میڈیا سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

چیئرمین وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کھلی کچہری میں عوامی مسائل سن رہے ہیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | منیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پیشکر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فلور فلور، پنڈی گرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295 | pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

## پاکستان کی معیشت میں بہتری کے اثرات

پاکستان کی معیشت میں استحکام اور بحالی پر ایشیائی ترقیاتی بینک نے آؤٹ لک رپورٹ جاری کردی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 2025 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 2.5 فیصد رہے گی، معیشت میں بہتری اور اصلاحات کے اثرات نمایاں ہیں۔ آئی ایم ایف پروگرام اور اصلاحاتی اقدامات سے پاکستانی معیشت مستحکم ہوئی، ٹیکس اور توانائی کے شعبے میں اصلاحات نے معیشت کو سہارا دیا۔2026 میں پاکستان کی معاشی شرح 3 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے، نجی سرمایہ کاری میں اضافے سے ترقی کی رفتار بڑھنے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں 2025 میں مہنگائی کی اوسط شرح 6 فیصد رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ ادھر، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معیشت کے استحکام نے مارکیٹ کو نئی زندگی بخشی ہے اور ترقی کی نئی راہیں کھولی ہیں۔ وزارت خزانہ میں عالمی پیشہ ورانہ خدمات فراہم کرنے والی فرم الویریز اینڈ مارسل کے وفد نے وزیر خزانہ سے ملاقات کی، یہ ملاقات پاکستان میں بنکاری کے عمل اور خود مختار ویلتھ فنڈ کے قیام کے سلسلے میں جاری مشاورت کا حصہ تھی۔ ملاقات کے دوران فرم کے ڈویژن ایگزیکٹو چیئرمین گنے پیٹر برگنر نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے لیے الویریز اینڈ مارسل کے مضبوط عزم کا اظہار کیا اور اس شعبے کی ابھرتی ہوئی منڈیوں میں کمپنی کی طویل المدتی حکمتِ عملی کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ کمپنی پاکستان میں اپنا دفتر کھولنے پر غور کررہی ہے تاکہ حکومت کو بنکاری کے عمل میں مدد فراہم کی جاسکے اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو ملک میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کیا جاسکے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے الویریز اینڈ مارسل کی ٹیم کا خیر مقدم کرتے ہوئے بنکاری اور سودین ایڈوائزری میں کمپنی کی مہارت کو سراہا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ خوش آئند اور وزیر خزانہ کا بیان بھی اطمینان بخش ہے۔ لیکن یہ سب کچھ صرف اعداد و شمار اور کاغذی کارروائیوں تک ہی محدود نہیں رہنا چاہیے۔ حکومت کی جن کامیابیوں کا اعلان کیا جارہا ہے ان کے ثمرات عوام تک پہنچنے چاہئیں تاکہ انھیں حقیقی ریلیف کے ساتھ مطمئن کیا جاسکے۔

## روس تنہا نہیں!!

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ روز یوکرائن کے صدر ولادیمیر زیلنسکی کی پالیسیوں میں ایک اور یوٹرن کا اضافہ کردیا، امریکہ نے یالینڈ کے شیرنگ میں قائم بین الاقوامی مرکز برائے جرائم بابت جارحیت برخلاف یوکرائن International Center for the Prosecution of the Crime of Agression against Ukrain ICPA کے طیدگی اختیار کر لی ہے۔ درامل ICPA یوکرائن میں روسی افواج کے جنگی جرائم کے شواہد اکٹھے کررہی ہے، مذکورہ جھنڈ کو یورپین یونین کی سرپرستی حاصل ہے۔ اس مرکز میں امریکہ سمیت کئی یورپین یونین ممالک کے تحقیقاتی نمائندے شامل ہیں۔ یورپی یونین کے دائمی ادارے Eurojust کے صدر رائیکل ہمڈ نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ کا ICPA سے پیچھے ہٹنا ناقابل فہم ہے لیکن ہم اپنے کام کو جاری رکھیں گے۔ گرچہ یہ کھلی دھمکی ہے کہ دوسروں کے خلاف جنگی جرائم کے تحت ہزارہ زیادہ انگلیاں اٹھ سکتی ہیں، امریکہ کے اس اہم ناٹو ذرائع سے اور اس طرح سے صدر ٹرمپ نے زیلنسکی اور یورپین یونین کو ایک اور صدمے سے دوچار کر دیا ہے۔ بات ان جناب بات ابھی بھی ہضم نہیں ہوئی کہ صدر ٹرمپ نے روس کے صدر ولادیمیر پوٹن کو فون کرنے کے بعد RFE/RL ریڈیو فری یورپ/ ریڈیو لبرٹی کے روس میں بھیجے جانے والی نشریات کو روک دینے اور پروگرام کی نشریات روس تعلقی والی سیارے کا رابطہ منقطع کرنے کا حکم دیا ہے۔ RFE/RL کا قیام سرد جنگ کے دوران عمل میں آیا تھا، جس کا بنیادی مقصد سوویت یونین کے خلاف پروپیگنڈا کرنا اور اس کے پروپیگنڈا کو روکنا تھا۔ امریکہ اسے بھی ڈالر دیتا تھا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسمال مارچ کے وسط میں RFE/RL کی امداد منجمد کرنے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانے پر ادارے کو عبوری ریلیف حاصل ہوگئی تھا مگر RFE/RL کے تاحال ٹرمپ انتظامیہ نے قبلہ جاری نہیں کی۔ کرنٹ جائم لیلی ولسن ایڈیٹر ریڈیو زبان کی نشریات روس کے علاوہ وسط ایشیا، مشرقی یورپ اور یوکرائن سمیت کئی دیگر علاقوں کو بھی بھیجتا تھا۔ ٹرمپ انتظامیہ نے اس کا معاوضہ بھی منسوخ کردیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اب تک کئی ایسے فیصلے کیے ہیں جن کا تعلق بہر صورت روس کے ساتھ تجارت ہوتا ہے مثلاً انھوں نے روس کے صدر ولادیمیر پوٹن کو اچھا شخص کہہ کر پکارا، اس کے برعکس زیلنسکی کے ساتھ حقیر سے بحث آمیز بلکہ اسے جھڑکنے کی حد تک کیے ہیں جن کا تعلق بہر صورت روس کے ساتھ تجارت ہوتا ہے مثلاً انھوں نے روس کے صدر ولادیمیر پوٹن کو یہ بھی واضح کر دیا کہ وہ روس سے جنگ نہیں کرسکتا۔ یوکرائن کو فلسٹ ہو جانے کی اور روس اس پر قبضہ کرے گا، لہذا انھیں چاہیے کہ جنگ کرنے کے بجائے جنگ بندی کی طرف قدم بڑھائیں۔ صدر ٹرمپ نے دانت پیس میں کی گئی ملاقات صدر زیلنسکی کے لئے تلخ اور اسے بارہا جھڑکا اور مایوسی اس لئے کہ صدر ٹرمپ نے یوکرائن کی امداد بھی بند کر دی۔ بعد ازاں زیلنسکی نے ٹرمپ کے برتاؤ پر بلکہ مہ یوکرائن کی نشریات روس تعلقی والی سیارے کا رابطہ منقطع کرنے کا حکم دیا ہے۔ RFE/RL کو فنڈنگ بند کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ نے اس کا جواز یہ پیش کیا ہے کہ RFE/RL کی نشریات روس کے ساتھ تجارت کو متاثر کرتی ہیں۔

## قومی یکجہتی کا فقدان

بلوچستان کے ساتھ المیاتی پریس کانفرنس میں واضح اور دوٹوک الفاظ میں جذبوں کے ساتھ حقائق قوم کے سامنے رکھے ہیں کہ مختصر لاپکیریس دہشت گردی میں بھارت اور افغانستان ملوث ہیں۔ کالعدم بی ایل ایف اے کو ریل گاڑی کے مسافروں کو یرغمال بنانے جانے کے بعد دصرف پاکستان بلکہ عالمی شخص برشید تنقید کا سامنا ہے۔ کوئی بھی خود ساختہ جواز دلیل بلوچ برادروں کے اس موقف کو تبدیل کرنے پر تیار نہیں کہ معصوم اور نہتے مسافروں کی زندگی داؤ پر لگانے والے دہشت گرد بلوچستان میں عوام کے حقوق کے لیے برسرِ پیکار ہیں۔ عالمی میڈیا نے بھی غیر ملکی کار کنوں کی گرفتاری کو قبول نہیں کیا اور نہ ہی صرف بھارتی میڈیا تھا جس نے جعفر ایکسپریس کو یرغمال بنائے جانے کے وقت سے ہی دہشت گردوں کے حق میں تبصرے اور ان کی کامیاب کارروائی کے حوالے سے بے پر کی اڑانا شروع کر دی تھی۔

جعفر ایکسپریس پر حملے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کے بعد ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور دیگر شرکاء کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمارے ملک میں سوشل میڈیا پر بھارتی پروپیگنڈے کو مزید مرتبہ سمالا گا کر پھیلایا جائے گا۔ پاک فوج سے یہ اپیل ہے کہ ہمیں متاحسہ نہ کریں کہ مختصر لاپکیریس دہشت گردی میں بھارت اور افغانستان ملوث ہیں۔ کالعدم بی ایل

## خالد بیگ

اے کو ریل گاڑی کے مسافروں کو یرغمال بنائے جانے کے بعد دصرف پاکستان بلکہ عالمی شخص برشید تنقید کا سامنا ہے۔ کوئی بھی خود ساختہ جواز دلیل بلوچ برادروں کے اس موقف کو تبدیل کرنے پر تیار نہیں کہ معصوم اور نہتے مسافروں کی زندگی داؤ پر لگانے والے دہشت گرد بلوچستان میں عوام کے حقوق کے لیے برسرِ پیکار ہیں۔ عالمی میڈیا نے بھی غیر ملکی کار کنوں کی گرفتاری کو قبول نہیں کیا اور نہ ہی صرف بھارتی میڈیا تھا جس نے جعفر ایکسپریس کو یرغمال بنائے جانے کے وقت سے ہی دہشت گردوں کے حق میں تبصرے اور ان کی کامیاب کارروائی کے حوالے سے بے پر کی اڑانا شروع کر دی تھی۔

جعفر ایکسپریس پر حملے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کے بعد ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور دیگر شرکاء کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمارے ملک میں سوشل میڈیا پر بھارتی پروپیگنڈے کو مزید مرتبہ سمالا گا کر پھیلایا جائے گا۔ پاک فوج سے یہ اپیل ہے کہ ہمیں متاحسہ نہ کریں کہ مختصر لاپکیریس دہشت گردی میں بھارت اور افغانستان ملوث ہیں۔ کالعدم بی ایل

## ساتھ اور جڑی کیمپ کی تلخ یادیں

10 اپریل 1988 پاکستان کی تاریخ کا خوفناک دن آج کسی ضرورت کے تحت میں نے کیلنڈر دیکھا تو جیرے سامنے 9 اپریل کی تاریخ تھی ایک ہر بھگتا سامسوس ہوا اور احساس ہوا کل 10 اپریل ہے تو ذہن بہت تیزی سے دس اپریل 1988 کی طرف چلا گیا اور 38 سال پہلے اس دن خوفناک یادیں آنکھوں کے سامنے سے گھوم گئی کیونکہ تو 10 اپریل 1988 کا دن بھی عام دنوں کی طرح ہی طلوع ہوا تھا لیکن یہ کوئی نہیں جانتا تھا کہ یہ دن پاکستان کی تاریخ کا ایک خوفناک ترین دن بن جائے گا۔ ستمبر 1987 میں، میرے والد مرحوم نے ریلوے ڈیپارٹمنٹ میں مسلم لائبریری قائم کی میں بھی ان کے ساتھ ریلوے کالونی شفٹ ہو گیا۔ باقی تمبلی لاہور میں ہی رہائش پذیر تھی۔ چار پانچ اپریل 1988 کو جناب بے نظیر بھٹو کے اعلان کے بعد ہی ان کا ہوا آگیا میرا انتہائی متفرق جناب بے نظیر بھٹو شہید اللہ کیسپس بنانا مجھے یاد نہیں کہ 10 اپریل کو میرا دوست ہائیج تھا کہ تیسرا اگر ہوائی طرح سے باز ہے کے اس دن میرے ہمراہ تھا اور میں اور اللہ کیسپس میں ہوئے ہے کے لئے اپنا انتہائی مرکز میں موجود تھا ہیچ اپنے سے اپنے تعلقات کو پہلے سے بھی زیادہ گہرا اور مضبوط کر لیا اور وہ ہر طرح سے روس کے ساتھ کھڑا ہے۔ ہندوستان نے بھی روس سے بے تحاشہ تیل خریدا، اپنی عوام کو سستے دام اور امریکہ پر واضح کر دیا کہ اس کے تعلقات روس سے بہت دیرینہ ہیں لہذا وہ روس کے خلاف بولنے والے کی بلاک میں شامل نہیں ہوگا۔ میں ثابت ہوا کہ روس کیا نہیں ہے بلکہ کی طاقتور ممالک اس کی صف میں شامل ہیں۔

کوشش بھی کی لیکن یورپین سربراہان کے حمایت نہ ملنے اور سمجھانے پر خاموش ہو گیا۔ غالباً زیلنسکی کو اس بات کا اندازہ نہیں تھا کہ صدر ٹرمپ سے پرتحائف کی قیمت اہل مغرب کی حمایت سے مہنگی ہے جس کا تحفل زیلنسکی کسی بھی صورت نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح اہل مغرب بھی امریکی چھتری کے بغیر اپنے آپ کو غیر محفوظ تصور کرتے ہیں اور یہ بات بے بھی درست۔ یعنی امریکہ۔ واقعی اہلیان یورپ کا محافظ ہے، اسی لئے تو جہاں حملہ کرنا ہوتے ہے وہاں انھیں ساتھ لے کر جاتا ہے اور انھیں جانتا چاہتا ہے۔ وہ اس بات کا ادراک رکھتے ہیں کہ اگر ہم نہ ہوئے تو کچھ افواج کے ساتھ جائیں گے اور امریکہ کے بغیر کچھ بھی نہیں آئے گا۔ اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ امریکہ اور یورپ کے مفادات تقریباً مشترک ہیں اور ان کے اتحادی بنیادی حیثیم مذہب ہوتے ہے۔

صدر ٹرمپ بھی ہمارے معاملات سے بہت تغافل آگاہ ہوں گے، انھیں یہ بات اچھی طرح سے پتا ہو گی کہ جب یورپ اور امریکہ نے روس پر پابندیاں لگائیں تھیں مگر واد امریکہ یورپ کو ان پابندیوں کو ہے ہوئے کا ایک شیرے سے دوسرے شیرے کے ساتھ تیل کی قیمت کم کر کے پابندیوں کو غیر مؤثر کر دیا۔ اس دن میرے ہمراہ تھا اور میں اوللہ کیسپس میں ہوئے ہے کے لئے ایک انتہائی مرکز میں موجود تھا جہاں ایک مقررہ وقت پر شروع ہو چکا تھا تیسری شدت بکل ہو چکے تھے کہ ایک میں بار بار پار بار بار بہت ساری ایمبولینسوں کے گزرنے کی آوازیں آنے لگیں اور اندازہ ہی ہو رہا تھا کہ میرا ہسپتال کی طرف جارہی ہیں جب ہیچ ختم ہوا انتہائی مرکز سے باہر نکلے تو پتہ چلا کہ شاہراہ فیلا ہوا کے قریب کسی اسلحہ سازی فیکٹری یا مراکز اور اعلیٰ افسران محبوری حکومت کی طرف سے ملنے والی حمایت اور امداد کو روکنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی کا تیار کیا جانا ضروری ہے۔

اسٹنی نیوٹ فار اکانکس اینڈ چیز) آئی ای پی اے (کی طرف سے مارچ کے اوائل میں جاری کی گئی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ افغانستان میں طالبان حکومت کے قیام کے بعد سے پاکستان میں دہشت گردی میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق، اس اضافے کی بنیادی وجہ افغانستان میں موجود دہشت گردوں کو افغان محبوری حکومت سے ملنے والی حمایت اور جدید امریکی اسلحہ ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 2025 میں پاکستان عالمی دہشت گردی انڈیکس میں دوسرے نمبر پر آگیا ہے۔ اس رپورٹ کو پاکستان کی قومی اسمبلی میں پیش کیا جانا چاہیے تھا جس میں تمام سیاسی اتحاد اور اپوزیشن اتحادی کر خصیلہ کرکے افغان محبوری حکومت کو وہاں پناہ لیے ہوئے دہشت گردوں کی حمایت سے کیسے روکا جائے اور بھارت پر کس طرح دباؤ ڈالا جائے کہ وہ افغانستان کو پاک فوج کے خلاف دہشت گردی کے خلاف پراکسی کے طور پر استعمال کرنا ترک کردے۔ لیکن قومی اسمبلی تو حکومتی اتحادیوں اور پاپی کے مسئلے پر الجھا ہوا نظر آتا ہے۔ جتنا احتجاج سندھ کی طرف سے ملنے والی حمایت اور امداد کو روکنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی کا تیار کیا جانا ضروری ہے۔

## امتیاز الدین گورایا

ہے سب لوگ خیر و عافیت کے لئے دعا کریں مگر حادثے کی تفصیلات نہیں بتا سکے کیونکہ وہ دور فون کی اس ایل کے لائنوں والے فون کا دور تھا موبائل تھا نہیں اور حادثے کی وجہ ٹیلی فون ایکسچینج بند ہو گئی تھی اور پورے شہر کے ساتھ ایک دوسرے شہر کے ساتھ رابطہ منقطع ہو گیا تھا اس لئے ٹی وی چینل بھی پاکستان میں ایک ہی ہوا کرتا تھا جو شام 6 بجے کے اگریزی خبر نامے میں کیلئے تفصیل راولپنڈی کے حادثے کے بارے میں بتائی گئی پھر اس کے خبرنامے مکمل تفصیلات سے آگاہ کیا گیا کہ راولپنڈی میں فیض آباد کے قریب اوجڑی کیمپ میں واقع فوجی اسلحے کے ڈپو میں آگ لگنے کی وجہ سے ہم اور میزائل پھٹنے سے بہت جانی اور مالی نقصان ہوا ہے۔ اسی حادثے میں پاکستان کے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی صاحب کے والد محترم خاقان عباسی صاحب شہید ہو گئے تھے اور ان کے چھوٹے بھائی شدید زخمی ہوئے جو تقریباً 14 سال کومے میں رہنے کے بعد اس جہان فانی سے رخصت ہوئے۔ یہ ایک ہولناک اور خوفناک حادثہ تھا جس کے خلاف اور واقع ذمے داروں کو سزا دینے کے بجائے ان کو تحفظ فراہم کیا گیا اور ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ اس حادثے کے دوران بگلہ دیش کے محبوری رہنما ڈاکٹر یونس سربراہ پاکستان پر ڈیٹک محفوظ شہید خیر خواہ پاکستان کو اپنی کی طرف سے شیخ مجیب الرحمٰن کے خلاف کارروائی کی تیاری کررہی ہیں، آنے روز ریلیاں نکالی جارہی ہیں۔ اس قدر احتجاج اگر انھوں نے ماضی میں بھارت کیخلاف پاکستان آنیوالے دریاؤں پر دنوں ڈیمز کی تعمیر اور دریاؤں کا رخ موڑنے جیسے مضبوط کیخلاف کیا ہوتا اور پاکستان کی حکومت کو مجبور کیا جاتا کہ وہ بھارت کے سپورٹ کار کا کردار ادا کیا۔ ان حقائق کے باوجود آگر ہمارے ملک میں تحسیم ہندوستو سے بازنہیں آتے تو ہمارے حکمرانے کو بھی ہوسکتی ہے تو کوئی نظریہ کے حاملین اگر یہ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں یہ لوگوں کے خون سے ہولی کھیل کر خون بگلہ دیش کی محبوری رہنما ڈاکٹر یونس کی طرف سے شیخ مجیب الرحمٰن کے مجسمے کو توڑنے کے مطالبہ پر ان کو اپنی حمایت سے نہیں نوازا۔ شیخ حسینہ واجد کے خلاف بگلہ دیش میں انقلاب کے وقت کیلئے عام نعرے لگائے گئے کہ 1971 میں مشرقی پاکستان پر بھارتی حملہ کیلئے جارحیت تھی جس میں شیخ مجیب الرحمٰن نے مشرقی پاکستان کو عوام کو دھوکا دے کے لے بھارت کے سپورٹ کار کا کردار ادا کیا۔ ان حقائق کے باوجود آگر ہمارے ملک میں تحسیم ہندوستو سے بازنہیں آتے تو ہمارے اسٹیبلشمنٹ کو بھی ہوسکتی ہے تو کوئی نظریہ کے حاملین اگر یہ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں یہ لوگوں کے خون سے ہولی کھیل کر بلوچستان کی خودمختاری کی جدوجہد کے نام پر دہشت گردی کو جائز ٹھہرا کر ہمارے ملک میں تحسیم ہندوستو سے بازنہیں آتے تو ہمارے اسٹیبلشمنٹ کو بھی ہوسکتی ہے تو کوئی نظریہ کے حاملین اگر یہ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں یہ لوگوں کے خون سے ہولی کھیل کر بلوچستان کی خودمختاری کی جدوجہد کے نام پر دہشت گردی کو جائز ٹھہرا کر ہمارے ملک میں تحسیم ہندوستو سے بازنہیں آتے تو ہمارے اسٹیبلشمنٹ کو بھی ہوسکتی ہے تو

# سندھ بھر سے

## کمشنر شہید بینظیر آباد ڈویژن ندیم احمد ابڑو کی زیر صدارت اجلاس

### ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد یاور علی میمن، ڈپٹی کمشنر نوشہرو فیروز محمد ارسلان سلیم، ایڈیشنل کمشنر ٹو سید عمار حسین کی شرکت

### شہید بینظیر آباد اور سانگھڑ کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی

شہید بینظیر آباد (پ ر) کمشنر شہید بینظیر آباد ندیم احمد ابڑو کی زیر صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس برائے پولیو کا ایک اجلاس آج کمشنر آفس کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد یاور علی میمن، ڈپٹی کمشنر نوشہرو فیروز سمیت ارسلان سلیم، ایڈیشنل کمشنر ٹو سید عمار حسین کے علاوہ ڈویژن ندیم احمد ابڑو اور سانگھڑ کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر شہید بینظیر آباد ندیم احمد ابڑو نے کہا کہ کمشنر شہید بینظیر آباد ڈویژن میں 21 اپریل سے شروع ہونے والی انسداد پولیو یوم کو ہر صورت میں کامیاب بنایا جائے گا مقرر کردہ ٹارگٹ کے تحت تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنائیں کمشنر نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران مقرر کردہ ٹارگٹ کے حصول اور پولیو ٹیموں کی گھر فی گھر ٹریکنگ کے کام کو یقینی بنائیں کمشنر نے شہید بینظیر آباد اور سانگھڑ کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ گرفتی انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے پولیو ٹیموں کی تربیت اور بالخصوص غیر حاضر ویکسینیٹرز کی بروقت کمشنر نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر شہید فیروز محمد کی غیر حاضری پر برہمی کا اظہار کیا اور ڈپٹی کمشنر شہید فیروز کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر شہید فیروز کو فوری طور پر شوکاز نوٹس جاری کیا جائے۔ ڈویژنل کوآرڈینیٹر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر جمیل کھرو رانی اور شہید بینظیر آباد اور سانگھڑ کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران نے بتایا کہ کلب بھری طرح شہید بینظیر آباد ڈویژن میں 21 اپریل سے 27 اپریل تک قومی انسداد پولیو یوم منعقد ہوگی۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر شہریار بگٹی میمن بینظیر باری کارڈ کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت بینظیر باری کارڈ کے حوالے سے اجلاس

نواب شاہ (پ ر) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد شہریار بگٹی میمن کی زیر صدارت بینظیر باری کارڈ کے حوالے سے ایک اجلاس آج کمشنر آفس میں منعقد ہوا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شہریار بگٹی میمن نے محکمہ زراعت کے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی فیلڈ افسران کو پابند بنائیں کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر ریونیو کارڈ کے تحت کھاتے دار کسانوں کی زمین کا کارڈ متعلقہ تھانہ کارکنوں میں جا کر باری کارڈ کی تصدیق کریں اور کھاتے داروں کے زمین کا کارڈ تھانہ کار سے وصول کریں اور کھاتے دار کسانوں کی زمین کا کارڈ تھانہ کار کے حوالے کریں ڈپٹی کمشنر نے حوالہ تھانہ تعلقہ کے تھانہ کار کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وہ تھانہ زراعت کے فیلڈ افسران سے تھانہ آنے پر ریونیو کارڈ کے تحت کھاتے دار کسانوں کی زمین کا کارڈ وصول کرکے تھانہ کار کو دیں ڈپٹی کمشنر نے ریونیو کارڈ کے تحت کھاتے دار کسانوں کی زمین کا کارڈ ریڈیو فریکوئنسی آئی ڈی کارڈ کی تصدیق کے لئے ہر یونین کونسل سے 3 کھاتے دار کسانوں کی زمین کا کارڈ تھانہ کار کے حوالے کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ کاشتکاروں کو ریڈیو فریکوئنسی آئی ڈی کارڈ جاری کیا جاسکے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ کھاتے دار اراضی حدا کی تحتیار کارڈ تھیں ہوئے کہ کارڈ وصول کرنے کے لئے کسانوں کو دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کارڈ کی تقسیم کے لئے ہر یونین کونسل میں ایک کیمپ آفس قائم کیا جائے گا جس میں متعلقہ یونین کونسل کے کھاتے دار کسانوں کی زمین کا کارڈ تھانہ کار کے حوالے کرے گا جس کے بعد کارڈ کی تقسیم کے لئے ہر یونین کونسل میں

**01**

تک بیوی گاڑیوں کی ٹکر سے جاں بحق افراد کی تعداد 85 ہوگئی۔ جنیلباری ایکسپریس وے پر دو پہیہ کی 3 گاڑیوں کو ٹکر کرکے الصاف کی طرف سے وے پر آنے والی 2 گاڑیوں کو ٹکر ماری۔ رسکیو ذرائع کے مطابق تین گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ یاری ایکسپریس وے پر ہونے کے باوجود تیز ٹریفک چل رہی ہے۔ دوسری جانب کراچی کے علاقے گلشن اقبال میں ڈمپر کی دو فریق گاڑیوں کے درمیان تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئی۔ عینی شاہدین کے مطابق ڈمپر کے ڈرائیور نے موقع سے فرار ہونے کی کوشش کی، لیکن مقامی افراد نے اسے پکڑ کر پولیس کے حوالے کردیا۔ پولیس کے مطابق ڈمپر کو قبضے میں لے لیا گیا ہے اور ڈرائیور سے تفتیش جاری ہے۔ ایک اور واقعے میں ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ڈمپر کو قبضے میں لے لیا گیا ہے اور ڈرائیور سے تفتیش جاری ہے۔

**02**

ضروری اجناس بھی تقلیل در دی گئی ہے۔ دوسری جانب چاول، بھی حکومت نے کسانوں کو معاوضے سے باہر گندم کی فی ٹن وصل کی یا قاعدہ اجازت دے دی۔ صوبائی حکومت کے اعلان کے مطابق بین الصوبائی سرحدوں پر کنٹرم کی آمدورفت روک ٹوک نہیں ہوگی اور ضروری اشیا کی ترسیل کو صوبے سے باہر جانے کے لئے کلیئرنس کی ضرورت نہیں ہوگی۔ عالمی ادارہ خوراک کا کہنا ہے کہ ملک میں 3 افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق گاڑی چلانے کے الزام میں بھی کچھ افراد کی گرفتاری عمل میں آئی ہے۔ ایک شخص جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے۔ ملزمان کو حراست میں لیا گیا ہے۔

**03**

میں غیر قانونی امیگریشن کے خلاف موثر مہم تیز کرنے اور سابر کرنٹری کو روک تھام کا ٹاسک سونپا گیا۔ وزیر محکمہ داخلہ محمد فہیم آغا بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اجلاس کو بتایا کہ وہ انسانی سمگلنگ میں ملوث ایف آئی اے حکام کے خلاف بھرپور کارروائی کریں۔ انسانی سمگلنگ روکنے کے لئے چاروں صوبوں میں بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس مہم کو ناکام بنانے والے حکام کے خلاف بھی سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ شریف برادران کے قریبی ساتھی ناصر بلوچ اور غنیہ شیخوپورہ والی کے خلاف مقدمات قائم کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ان مقدمات کے حصول کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ اجلاس میں زوال ذی آئی ڈی، ذی آئی ٹریک، ذی آئی ٹی سی آئی، ذی آئی ٹی بی امیگریشن کنٹرول اور دیگر اداروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں شریک افراد کو انسانی سمگلنگ میں ملوث ہونے والے چاروں صوبوں اور وفاقی دارالحکومت میں ایف آئی اے کے دفاتر کے ذریعے کارروائی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پولیس چیف کے اجلاس کو بتایا گیا کہ ایف آئی اے کے ایک کریک ڈاؤن میں 1 ہزار 62 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ان میں 1 ہزار 56 مرد اور 6 خواتین شامل ہیں۔ گرفتار ملزمان میں 1 ہزار 1 پاکستانی اور 61 غیر ملکی شہری شامل ہیں۔ گرفتار ملزمان سے 1 کروڑ 12 لاکھ روپے برآمد کیے گئے۔ 1 ہزار 106 مقدمات درج کیے گئے۔ 1 ہزار 106 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ 1 ہزار 106 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ 1 ہزار 106 افراد کو گرفتار کیا گیا

# وزیر اعظم
# ترسیلات زر میں اضافہ ملکی معیشت پر اعتماد کا مظہر ہے

کراچی، وفاقی وزیر احسن اقبال ہیٹرو تھ حیدر کے اہل خانہ سے انکے انتقال پر تعزیت کے بعد دعا کر رہے ہیں

## اسلام آباد میں جاری اوورسیز پاکستانیز کنونشن کے تناظر میں ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافہ، ترسیلات زر کا ریکارڈ سطح پر پہنچنا سمندر پار پاکستانیوں کا اعتماد کی عکاسی ہے

## ریکارڈ اضافے کی خوش خبری کو آنا بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی لگن، جذبے اور ملکی معیشت پر اعتماد کا مظہر ہے، وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی جانب سے جاری بیان

اسلام آباد (اے پی پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر کے تاریخ میں پہلی مرتبہ کبھی بھی ایک ماہ میں 4 ارب ڈالر کی حد عبور کرنے پر ان سے تعلق مزید مضبوط کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ سال مارچ کے مقابلے میں اس سال مارچ میں ترسیلات زر میں 37.4 فیصد اضافہ سمندر پار پاکستانیوں کے تعلق پاکستان پر اعتماد کا عکاس ہے۔ پیر کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے کہا کہ اسلام آباد میں جاری اوورسیز پاکستانیز کنونشن کے تناظر میں ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافے کی خوش خبری کو آنا بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی لگن، جذبے اور ملکی معیشت پر اعتماد کا مظہر ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مارچ 2025ء میں ترسیلات زر ایک ماہ میں اب تک کی بلند ترین سطح 4.1 بلین ڈالر تک پہنچ گئیں، گزشتہ سال مارچ کے مقابلے میں اس سال ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

### امریکی ارکان کانگریس کی بانی سے ملاقات سے متعلق میرے سامنے کوئی بات نہیں ہوئی، عاطف خان

پشاور (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک سے متعلق میرے سامنے کوئی بات نہیں

اصاف کے رہنما عاطف خان نے بتایا کہ امریکی ارکان کانگریس کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات بارے ہوئی۔ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں کی سرکاری ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

### ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت 1800 روپے کم ہوگئی

کراچی (ویب ڈیسک) ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 1800 روپے کی بڑی کمی ہوگئی۔ آل پاکستان جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق اس کمی کے بعد ملک میں فی تولہ سونے کی قیمت 3 لاکھ 38 ہزار 800 روپے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

### عافیہ صدیقی کیس، وکیل کا نیا سمجھ کی پاکستان آمد تک سماعت ملتوی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی اور وطن واپسی سے متعلق کیس کی سماعت کی، عدالت کو آگاہ کیا گیا کہ ڈاکٹر عافیہ کے امریکہ میں وکیل مسٹر کلائیو سمجھ 4 مئی کو پاکستان آ رہے ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے کیس کی سماعت 6 مئی تک ملتوی کر دی۔ انٹرنیشنل اٹارنی جنرل عرام شیخ نے ہو سکے، دوران سماعت ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

### کاشی کمرشل اینڈ ٹریڈ لاجسٹک کمپنی لمیٹڈ چین کے ساتھ کے ٹو ایئر ویز لمیٹڈ کے مابین شراکت داری کے معاہدے پر دستخط کی تقریب

کراچی (پ ر) پاکستان کے جدید ترین کارگو کیریئر کے 2 ایئر پورٹ اور جس کی معروف رسد و تجارتی کمپنی کاشی کمرشل اینڈ ٹریڈ لاجسٹک (گروپ) کمپنی لمیٹڈ کے ساتھ شراکت داری کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب ایک مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر چینی سفارت خانہ کراچی کے مشیر جنرل سٹرلی ینگ اور صوبائی وزیر تجارت جام اکرم اللہ دھاریجو بھی موجود تھے۔ یہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

اسلام آباد: ایکسٹرو قومی اسمبلی ایاز صادق سے یورپی یونین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

### کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات میں اضافہ ہوگیا

کراچی (ویب ڈیسک) کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات میں اضافہ ہوگیا۔ وزارت توانائی کے ترجمان کے مطابق فروری 2025 تک کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات 229 ارب 66 کروڑ روپے ہو ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

### 9 مئی کے مقدمات، جسمانی ریمانڈ کی درخواست پر عمر فراز چیمہ کو نوٹس جاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے بانی چیئرمین تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمر فراز چیمہ کو نوٹس جاری کر دیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے 9 مئی کے مقدمات میں سابق گورنر پنجاب عمر فراز چیمہ کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق اپیل پر سماعت کی۔ سپریم کورٹ نے عمر فراز چیمہ کو نوٹس کی تعمیل تک ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

### اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے 21 ہزار 797 گھر تکمیل کے قریب ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

نواز نے کہا ہے کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام ہزاروں خاندانوں کے لیے خوشی کا پیغام لا رہا ہے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

### آج عمران خان سے اہل خانہ کی ملاقات کا دن ہے، سلمان اکرام

ملاقات کرنے والوں میں ان کی بہنیں علیمہ خانم، نورین خانم عظمیٰ خانم اور قاسم زمان خان شامل ہوں گے

پشاور (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بانی پاکستان تحریک عمران خان سے ان کے اہل خانہ کی ملاقات آج متوقع ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما علیمہ خانم، نورین خانم عظمیٰ خانم اور قاسم خان شامل ہوں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

اسلام آباد: وفاقی وزیر جیمز اورنگزئی کے سفیر سے ملاقات کر رہے ہیں

# کراچی 104 روز میں ہیوی گاڑیوں کی ٹکر سے 85 افراد جاں بحق

## اورنگی ٹاؤن نمبر 5 کے قریب بس سے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی، حادثے میں خاتون جاں بحق ہوگئی، جس کی لاش اسپتال منتقل کردی گئی، ڈرائیور گرفتار، مقدمہ درج

### لیاری ایکسپریس وے پر پابندی کے باوجود ہیوی ٹریفک جاری، ڈمپر سے 3 گاڑیوں کو ٹکر ماردی، تینوں گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کراچی (ویب ڈیسک) اورنگی ٹاؤن نمبر 5 کے قریب بس سے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی۔ پولیس کے مطابق حادثے میں خاتون جاں بحق ہوگئی، جس کی لاش اسپتال منتقل کردی گئی۔ پولیس نے بس کے ڈرائیور کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا، اس حادثے کے بعد کراچی میں رواں سال بس کی ٹکر سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 10 ہوگئی، کراچی میں 104 روز میں اب تک ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

### اوگرا نے اپریل 2025 کیلئے آر ایل این جی کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اوگرا نے اپریل 2025 کیلئے آر ایل این جی کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سوئی ناردرن صارفین کیلئے فی ایم ایم بی ٹی یو قیمت میں 4.08 فیصد اضافہ کیا گیا ہے جبکہ سوئی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

### وفاقی حکومت کا رواں سال گندم کی خریداری نہ کرنے کا فیصلہ

وزیر اعظم کی سربراہی میں کابینہ کمیٹی برائے ضروری اجناس بھی تشکیل دے دی گئی ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے رواں سال گندم کی خریداری نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر غذائی تحفظ راناتنویر حسین نے قومی اسمبلی میں تحریری رپورٹ جمع کرادی، جس کے مطابق آٹے کی ایکسپورٹ ممکن نہیں ہوگی۔ وزیر اعظم کی سربراہی میں کابینہ کمیٹی برائے ضروری ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

### وفاقی وزیر اطلاعات سے سٹے ڈی جی ایف آئی اے کی ملاقات

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر اطلاعات محسن نقوی سے ملاقات میں ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار رفیع اور سے تفویض کردہ ذمہ داریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

### مصطفیٰ کمال کا آٹھ ماہ میں پاکستان کو پولیو فری ملک بنانے کا دعویٰ

## پاکستان اور افغانستان دو ہی ممالک ہیں جہاں پولیو موجود ہے لوگ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے نہیں پلاتے، ملک بھر میں انسداد پولیو مہم شروع ہو رہی ہے

### افغانستان میں طالبان کی مذہبی بنیاد پر حکومت ہے لیکن پھر پور پولیو مہم چل رہی ہے، اس بار افغانستان اور پاکستان میں ایک ہی روز مہم شروع ہوگی

کراچی (ویب ڈیسک) وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے آٹھ ماہ میں پاکستان کو پولیو فری ملک بنانے کا دعویٰ کر دیا اور کہا کہ اس بار افغانستان اور پاکستان میں ایک ہی روز مہم شروع ہوگی۔ جی ٹی وی کے مطابق وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے وزیر اعظم کے فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق کے ساتھ مل کر پریس کانفرنس کی اور کہا کہ رواں سال دسمبر 2025ء میں پاکستان ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

اسلام آباد: وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ سے یورپی یونین کے وفد کی ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

### احسن اقبال کی جانب سے مراد سعید کیخلاف ہرجانہ کیس کی سماعت 21 اپریل تک ملتوی

اسلام آباد (اے پی پی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عرشیہ جمیل کی رخصت کے باعث وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی اور خصوصی اقدامات اور پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما احسن اقبال کی جانب سے پی ٹی آئی رہنما ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

### پاکستان مرکا تیسری دوطرفہ فوجی مشقوں کا آغاز ہوگیا

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پاکستان مرکا تیسری دوطرفہ فوجی مشقوں کا آغاز ہوگیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق انسداد دہشت گردی مشقوں کی افتتاحی تقریب سپیشل آپریشنز سکول چوراٹ میں ہوئی، پاک فوج کی سینئر سروس گروپ اور ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

### تجارت اور رابطوں کو بڑھانے کے لیے بحری تعلقات کو مضبوط بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری اور قازقستان کے سفیر برژان کسکاقین نے علاقائی تجارت اور رابطوں کو بڑھانے کے لیے بحری تعلقات کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ آج یہاں ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

### آئی بی اے کراچی نے تجارتی تنازعات کے حل میں اے ڈی آر کے کردار کو نمایاں کیا

کراچی (ویب ڈیسک) آئی بی اے کراچی نے متبادل تنازعات کے حل (ADR) کے تجارتی تنازعات کے انتظام میں اثرات پر مرکوز ایک اہم آف دوڑ سیشن کا انعقاد کیا، جس میں پاکستان میں اس کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

### غصے میں گھر کے دروازے و لاک توڑ دیتی ہوں، حرا مانی نے غصے پر قابو نہ پانے کا اعتراف کرلیا

کراچی (ویب ڈیسک) اداکارہ حرا مانی نے غصے پر قابو نہ پانے کا اعتراف کرلیا جس کے بعد سوشل میڈیا پر تنقید کی زد میں آ گئیں۔ پاکستان کی معروف اداکارہ حرا مانی حالیہ ایک انٹرویو کے دوران اپنے شدید غصے سے متعلق بیان دینے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی سخت تنقید کا سامنا کر رہی ہیں۔ حرا مانی ان دنوں ڈرامہ سیریل ڈائن میں شاہد ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

### وفاق وزیر اعلیٰ کے پی کے خط پر مکمل خاموش ہے، بیرسٹر سیف

ضم اضلاع کے فنڈز صوبے کو منتقل نہ کرنا آئین وقانون کی خلاف ورزی ہے

پشاور (ویب ڈیسک) سنیئر اطلاعات خبر خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ پشاور میں میڈیا سے پاکستان خواجہ سیف نے کہا ہے کہ وفاق نے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر سیف نے کہا کہ وزیر وزیر اعلیٰ کے پی کے خط کا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

### پنجاب اسمبلی میں ایسڈ کنٹرول بل منظور ہوگیا

لاہور (ویب ڈیسک) قانون سازی سے خواتین کو محفوظ بنانے کا عزم، پنجاب اسمبلی میں ایسڈ کنٹرول بل منظور ہو گیا۔ مسلم لیگ ن کی رکن صوبائی اسمبلی و چیئرپرسن ویمن پر وٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے کہا کہ خواتین پر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

### انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی فیوچر لیڈرز ٹریننگ پروگرام کا آغاز جلد کرے گی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد (IIUI) نے اپنے فیوچر لیڈرز ٹریننگ پروگرام کے تیسرے مرحلے کا آغاز 16 اپریل 2025 کو کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یونیورسٹی کے صدر کی ہدایات کے تحت ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

### کینالز معاملے پر ہم وزیر اعظم کا ساتھ نہیں دیں گے

وزیر اعلیٰ سندھ

## والد کے نقش قدم پر چل کر خدمت کروں، ملک کی بہتری کیلئے سب مل کر کام کریں، 18 اپریل کو حیدر آباد میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جلسہ ہے

### کینالز کے خلاف چیئرمین بلاول بھٹو زرداری واضح بیان دے چکے ہیں، کینالز نہیں بنیں گی، ہمارا موقف اور کیس مضبوط ہے، سید مراد علی شاہ

سیون (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا ہے کہ کینالز کے خلاف چیئرمین بلاول بھٹو زرداری واضح بیان دے چکے ہیں، کینالز نہیں بنیں گی، ہمارا موقف اور کیس مضبوط ہے، جو کسی سے چھپا ہوا نہیں ہے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال کو کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

### کراچی میں ٹریفک اور جرائم سے نمٹنے کے لیے عملی اقدامات کا عزم

فیز نمبر ایٹ پلس، غیر قانونی ایئر ہنٹی لائٹس اور ایٹ پیشنٹس والی گاڑیوں کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے

کراچی (ویب ڈیسک) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے افسران کو ہدایت کی کہ شہر میں شور اور آلودگی کا باعث بننے والی غیر قانونی ہنٹی لائٹس اور ٹریفک قوانین سے متعلق عوامی آگاہی مہم کو تیز کیا جائے۔ آج کراچی پولیس آفس میں ٹریفک ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

### شادی کی تقریب میں مضر کھانا کھانے سے 200 سے زائد افراد کی حالت غیر

اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان موقع پر پہنچ گئے، فوڈ سیفٹی ٹیمیں حفاظتی تدابیر کی روشنی میں رپورٹس مرتب کریں گی

راولپنڈی (ویب ڈیسک) گوجر خان میں شادی کی تقریب میں مضر صحت کھانا کھانے سے 200 سے زائد افراد کی حالت خراب ہوگئی، ریسکیو حکام کے مطابق شادی کی تقریب میں کھانا کھانے سے لوگوں کی کثیر تعداد فوڈ پوائزننگ کا شکار ہوگئی، متاثرہ افراد کی تعداد 200 سے زیادہ ہے، بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ متاثرہ افراد کو ہسپتال منتقل کیا جارہا ہے، اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان موقع پر پہنچ گئے، محکمہ صحت اور فوڈ حکام بھی پہنچ گئے ہیں۔ معاون خصوصی برائے پرائس ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

لاہور: وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

### پاک بحریہ کے بیڑے میں پیٹرول ویسل پی این ایس یمامہ کی شمولیت

چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف تقریب کے مہمان خصوصی تھے

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پاک بحریہ کے بیڑے میں چوتھے آف شور پیٹرول ویسل پی این ایس یمامہ کی شمولیت ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شمولیت کی تقریب پاسنی آپریشنز کمانڈ کراچی میں منعقد ہوئی، چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ جدید ترین نیگیشنل و حربی صلاحیتوں سے لیس پی این ایس یمامہ آئس شپ پارٹ روبلیے کے اشتراک سے تیار کیا گیا ہے۔ اس موقع پر چیف ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

### پاکستان سپر لیگ کی ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اسپنر عثمان طارق کا بولنگ ایکشن رپورٹ ہوگیا

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان سپر لیگ کی ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اسپنر عثمان طارق کا بولنگ ایکشن رپورٹ ہوگیا، اسپنر عثمان طارق کا بولنگ ایکشن لاہور قلندرز کے خلاف میچ میں رپورٹ ہوا، لاہور قلندرز کے خلاف کھیلے جارہے میچ میں آن فیلڈ امپائرز احسن رضا اور کرس براون نے عثمان طارق کا ایکشن رپورٹ کیا، عثمان طارق کا ایکشن لاہور قلندرز کے خلاف میچ میں رپورٹ ہوا، عثمان طارق کا ایکشن رپورٹ ہوگیا، اسپنر عثمان طارق کا بولنگ ایکشن دوبارہ رپورٹ ہوئے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 18